Rampur State Gazette.

رامپور اسٹیٹ گزٹ

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲۷ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۵ جمادی الاول سنہ ۱۳۵۶ھ مطابق ۲۴ جولائی سنہ ۱۹۳۷ء جلد ۲۹

حصہ اول

آرڈرزان اسٹیٹ کونسل رامپور

- رخصت سید نادر حسین وائرمین بجلی گھر
- تقرر مولوی ذوالفقار حسین بعہدہ مہتمم تالیفات کتب خانہ سرکاری
- تقرر مسٹر عبدالرحمن خاں۔ ایم۔ اے۔ بعہدہ "ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس"

آرڈران اسٹیٹ کونسل رامپور

آرڈران اسٹیٹ کونسل:- واقع ۱۷ر جولائی ۱۹۳۲ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۱۵ر جولائی ۱۹۳۲ء میں تجویز عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ بابتہ منظوری رخصت رعایتی ڈیڑھ ماہ سید نادر حسین وائرمین بجلی گھر از ۲۷ر اپریل ۱۹۳۲ء پیش ہو کر واضح ہوا کہ نامبردہ کو صرف ایک ماہ کا استحقاق رخصت رعایتی تھا۔ لیکن ان کو پندرہ روز مزید حیدرآباد میں بسلسلہ مجالس اربعین مجبوراً قیام کرنا پڑا۔ آیندہ کے لئے نامبردہ کے یقین دلانے پر کہ رخصت استحقاق سے زائد طلب نہ کیجائے گی۔ عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج صیغہ نے بصورت خاص ڈیڑھ ماہ کی رخصت رعایتی از ۲۷ر اپریل ۱۹۳۲ء تا ۱۱ر مئی ۱۹۳۲ء دلائے جانے کی سفارش کی ہے۔ لہذا طے پایا کہ:-

سید نادر حسین وائرمین بجلی گھر کی ڈیڑھ ماہ کی رخصت رعایتی از ۲۷ر اپریل ۱۹۳۲ء تا ۱۱ر مئی ۱۹۳۲ء بصورت خاص منظور ہے لیکن پندرہ یوم کی رخصت رعایتی سال آئندہ کی مدت استحقاق میں محسوب ہوگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط فار عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل:- واقع ۱۷ر جولائی ۱۹۳۲ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۱۵ر جولائی ۱۹۳۲ء میں کاغذات متعلق منظوری انتظامی آسامی جدید مہتمم تالیفات بمشاہرہ پچاس روپیہ از یکم مئی ۱۹۳۲ء برائے مولوی ذوالفقار حسین صاحب در کتبخانہ سرکاری پیش ہو کر طے پایا کہ مولوی ذوالفقار حسین صاحب کا تقرر بمشاہرہ پچاس روپیہ بعہدہ مہتمم تالیفات کتبخانہ سرکاری یکم مئی ۱۹۳۲ء سے بمنظوری آسامی جدید منظور کیا جاتا ہے۔ ملازمت سابقہ کی جو پنشن ان کو مل رہی ہے مسدود کیجائے۔ ختم سال سے قبل عالی مرتبت صاحب منسٹر بہادر ایجوکیشن و پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ اس امر کا اطمینان کرلیں کہ مولوی صاحب مذکور کوئی مفید اور معقول خدمت انجام دے رہے ہیں

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط فار عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈران اسٹیٹ کونسل:- واقع ۱۸ر جولائی ۱۹۳۲ء

اسٹیٹ کونسل کے غیر معمولی جلسہ منعقدہ ۱۵ر جولائی ۱۹۳۲ء میں کاغذات تقرر مسٹر عبد الرحمن خاں ایم۔ اے بعہدہ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس امتحاناً برائے دوسال بمشاہرہ دوسو روپیہ گریڈ منظور شدہ از ۲۳ر اپریل ۱۹۳۲ء و تحویل مدت ٹریننگ بایام ملازمت مع مشورہ فائنانس باتباع حکم

کونسل مورخہ ۲۰ر مئی سنہ ۱۹۳۶ء پیش ہو کر طے پایا کہ:-
حسب اتفاق فائنانس ممبر عبد الرحمٰن خاں ایم۔اے
تقرر مشاہرہ دو سو روپیہ تنخواہ بالا برائے دو سال ۲۰ر اپریل
سنہ ۱۹۳۶ء سے بعہدہ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پولیس منظور ہو۔ نیز اسی
سلسلہ میں ایک مزید عارضی آسامی ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ
پولیس کی ۲۰ر اپریل سنہ ۱۹۳۶ء سے ۳۱ر اکتوبر سنہ ۱۹۳۶ء تک
منظور کیجاتی ہے۔ ادائیگی مصارف تنخواہ کی گنجایش بجٹ پولیس
مد مشاہرات میں ہے۔ تاریخ تقرر روز وصول سکرٹری سے
مدت ملازمت کا آغاز ہوگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک
نقل درج گزٹ ہو

دستخط خاص عالی مرتبت جناب چیف منسٹر بہادر
دستخط صاحب سکرٹری بہادر اسٹیٹ کونسل